سلو اوور ریٹ کے باعث پی سی بی بلاسٹر پر جرمانہ عائد

راولپنڈی، 29 نومبر 2020ء:

سلو اوور ریٹ کے باعث پی سی بی بلاسٹرز پر 10،000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ سلو اوور ریٹ پر جرمانہ نیشنل ٹرائینگولر ٹی ٹونٹی ویمنز کرکٹ چیمپئین شپ کے ایک میچ میں عائد کیا گیا جس میں پی سی بی بلاسٹر اور پی سی بی چیلنجرز مدمقابل تھیں۔

اس میچ میں پی سی بی بلاسٹرز کی ٹیم نے مقررہ اوورز سے ایک اوور کم کروایا۔ پی سی بی کے کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.22 کے تحت جرمانہ عائد کیا گیا۔

پی سی بی بلاسٹرز پر جرمانہ آن فیلڈ امپائرز عبدالمقیط اور حمیرا فرح نے عائد کیا۔

پی سی بی بلاسٹرز کی کپتان عالیہ ریاض نے اپنی غلطی کو تسلیم کیا جس کے بعد میچ ریفری ثمن ذوالفقار نے اُن پر جرمانہ عائد کر دیا۔

– ENDS –

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

ABOUT NATIONAL TRIANGULAR T20 WOMEN'S CRICKET CHAMPIONSHIP 2020:

- *PCB Blasters, PCB Challengers and PCB Dynamites will feature in the tournament*
- *Seven matches, including the final, will be played from 22 November to 1 December at the Pindi Cricket Stadium, Rawalpindi. Schedule available here*
- *The winner of the tournament will receive PKR1million while the runner-up will collect PKR500,000*

- *The PCB will live-stream all seven matches on its YouTube channel, through a nine-camera production.*

- *The PCB will provide action photos for editorial use only. Master link available here*